٣

# ماں باپ

ماں باپ اس جہاں میں سب سے بڑی ہیں دولت
سچ پوچھیے تو دونوں ، اللہ کی ہیں رحمت
ماں باپ کی محبّت ملتی ہے کب جہاں میں

ہم کو انھوں نے پالا تو ہم بڑے ہوئے ہیں
ہم کو دیا سہارا تو ہم کھڑے ہوئے ہیں
اللہ ! ایسی شفقت ملتی ہے کب جہاں میں

چلنا ہمیں سِکھایا ، کھانا ہمیں سِکھایا
جو ہم نہ جانتے تھے ، اچھا بُرا بتایا
ایسی ہمیں ہدایت ملتی ہے کب جہاں میں

جو کچھ بھی ہم نے پایا ، وہ سب اُنھیں سے پایا
اچھا ہمیں کِھلایا ، اچھا ہمیں پنھایا
دی جو اُنھوں نے راحت ملتی ہے کب جہاں میں



علم و ہنر ، سلیقہ ، سب کچھ ہمیں سِکھایا
مرضی پہ رب کی چلنا ، کس پیار سے بتایا
کرتے ہیں یہ جو اُلفت ملتی ہے کب جہاں میں
(ماخوذ)

شفقت - مہربانی، محبّت

ہدایت دینا - صحیح راستہ بتانا، سکھانا

راحت - خوشی، آرام

اُلفت - محبّت

## مشق



- ایک جملے میں جواب لکھیے :

۱۔ سب سے بڑی دولت کسے کہا گیا ہے؟
۲۔ ماں باپ سے ہمیں کون سی راحت ملتی ہے؟
۳۔ ہمیں کس نے پالا ہے؟
۴۔ ماں باپ نے ہمیں کس کی مرضی پر چلنا سکھایا؟

- ماں باپ ہمیں کیا کیا سکھاتے ہیں؟ دو تین جملوں میں جواب لکھیے۔

- اشعار مکمل کیجیے :



۱۔ ہم کو اُنھوں نے ............ تو ہم بڑے ہوئے ہیں
۲۔ اللہ ! ایسی ............ ملتی ہے کب جہاں میں
۳۔ کرتے ہیں یہ جو ............ ملتی ہے کب جہاں میں

سرگرمی :

اپنے والدین کے بارے میں چند جملے لکھیے۔